قصیدہ طوبیٰ کے فوائد

رسالہ علم و عمل سے
ازطرف ظہور خان-پشاور

قصیدہ طوبیٰ پڑھنے کے فوائد

حضرت مولانا شیخ موسیٰ روحانی بازی رحمۃ اللہ تعالیٰ

’’قصیدہ طوبیٰ‘‘ وہ پہلا قصیدہ ہے جس میں اللہ تعالیٰ کے ناموں کو دُعا کے طریقہ پر عربی زبان میں منظوم کیا گیا ہے الحمدللہ۔ اُمید کامل ہے کہ ’’قصیدہ طوبیٰ‘‘ کے پڑھنے سے بہت سے لوگوں کی دینی و دُنیاوی مرادیں اَسماء الحسنٰی کی برکت سے پوری ہوں گی۔ قارئین کرام خود اِس کا تجربہ کریں گے اِن شاءاللہ تعالیٰ۔

حدیث شریف میں ہے کہ: اَسماءِ حسنٰی پڑھنے کے بعد ہر دُعا قبول اور ہر حاجت پوری ہوتی ہے۔ نیز ان کا پڑھنے والا اور یاد کرنے والا جنت میں جائے گا۔ (ابن ماجہ، باب اسماءاللہ عزوجل: 3861)

تمام محدّثین اور بزرگوں کا تجربہ ہے کہ اسماء الحسنٰی سے بڑھ کر کوئی چیز قبولیتِ دُعا میں مؤثر نہیں۔

فائدہ قصیدہ طوبیٰ پڑھنے کے فوائد بے شمار ہیں، چند مجرّب فائدے درجِ ذیل ہیں:

(1) رزق میں فراخی ہوگی۔ (2) لاعلاج بیماری دور ہوگی۔ (3) ہر مشکل آسان ہوگی۔ (4) دکان کے گاہک زیادہ ہوں گے۔ (5) جادو سے بند کیا ہوا کاروبار پہلے سے زیادہ چالو ہوگا۔ (6) سحر کا اثر دور ہوگا۔ (7) دل اور پیٹ وغیرہ کا درد دور ہوتا ہے۔ (8) گھر میں جنات کا پتھر پھینکنا بند ہو جاتا ہے۔ (9) جنات کا اثر دور ہوگا۔ (10) برے اور ڈرؤانے خوب دور ہو جائیں گے۔ (11) بے اولاد اور بانجھ پن عورت پڑھے تو اللہ تعالیٰ اولاد نصیب فرمائیں گے۔ (12) گمشدہ چیز مل جائے گی۔ (13) گھر سے بھاگا ہوا شخص جلد واپس آجائے گا۔ (14) دلوں کو مسخر و تابع بنانے کے لیے مجرب واکسیر ہے۔ (15) مقدمہ میں فتح حاصل ہوگی۔

(16) دشمن دفع اور اس کا ضرر (نقصان) ختم ہو جائے گا۔ (17) غیر شادی شدہ کی جلد شادی ہوگی۔

(18) پیغامِ نکاح قبول ہوگا۔ (19) جس کے بچے پیدا ہو کر مرجاتے ہوں تو وہ زندہ رہیں گے۔

(20) سفر پر جاتے وقت پڑھنے سے برکت اور واپسی بخیر ہوگی اِن شاءاللہ تعالیٰ۔

اِس قصیدہ کا عامل بنے بغیر بھی یہ فوائد حاصل ہوں گے۔ البتہ عامل بننے سے اِس میں آگ کی طرح تیز تاثیر پیدا ہو جاتی ہے۔ اِس قصیدہ کے عامل بننے کے طریقے تین ہیں: (۱) اِکتالیس دن تک ہر روز تین بار پڑھے، اس کے بعد پھر ایک بار روزانہ پڑھے۔ (۲) اِکتالیس دن تک ہر روز گیارہ مرتبہ پڑھے۔ (۳) تین دِن اعتکاف کر کے روزہ رکھے۔ اعتکاف کے دنوں میں روزانہ اکیس مرتبہ پڑھے، پھر روزانہ ایک مرتبہ پڑھتا رہے۔

قصیدہ طوبیٰ پڑھنے کا طریقہ قضاءِ حاجات کے لیے جس کو پڑھنا ہو، وہ شخص باوضو ہو، قبلہ رُو ہو کر پڑھے، اور اس کے شروع اور آخر میں تین تین بار درود شریف پڑھا کرے۔

اللہ تعالیٰ ہمیں یہ ’’قصیدہ طوبیٰ‘‘ زندگی بھر پڑھنا نصیب فرمائیں آمین ثم آمین

قصیدہ طوبیٰ مع ترجمہ

حَمَانَا اللّٰہُ رَبُّ الْعَالَمِیْنَا مِنَ الْاٰفَاتِ جُسْمَانًا وَّدِیْنَا

اللہ تعالیٰ ہمیں بچائیں تمام جسمانی ودینی آفات سے

عَلِیْمٌ عَالِمٌ حَکَمٌ رَشِیْدٌ مُیَسِّرُ مُعْضِلَاتِ السَّائِلِیْنَا

اللہ ہے بڑا جاننے والا، علم والا، فیصلہ کرنے والا، راہ نما، آسان کرنے والا، مانگنے والوں کی مشکلات کو

سَمِیْعٌ سَامِعٌ ھَمْسًا ھَمِیْسًا وَقَھَّارٌ وَّقَاھِرُ قَاھِرِیْنَا

قوی سماعت والا، بہت سننے والا ہلکی دھیمی آواز کو، بڑے قہر والا، زورآوروں پر غالب

مُرِیْدٌ خَافِضٌ لِلنَّاسِ طَوْرًا رَفِیْعٌ رَافِعُ الدَّرَجَاتِ حِیْنَا

ارادہ کرنے والا، گاہے لوگوں کو پست وذلیل کرنے والا، بلند ہے، اور کبھی ان کے درجات کو بلند کرنے والا

مُقَدِّمُنَا مُؤَخِّرُنَا مَقَامًا وَسِیْعٌ وَاسِعُ الْحُکْمِ رَزِیْنَا

کبھی ہمارے مرتبہ کو آگے کرنے والا، اور کبھی پیچھے کرنے والا، وسعت والا، عام مضبوط حکم والا

حَفِیْظٌ حَافِظُ الْمَلَکُوْتِ عَدْلٌ تَعَالٰی عَنْ عُقُوْلِ الْعَاقِلِیْنَا

نگہبان، حفاظت کرنے والا، بڑی بادشاہی کا، عدل کرنے والا، بلند وبرتر ہے سوچنے والوں کی عقلوں سے

ھُوَ الْمُتَکَبِّرُ الْمُعْطِیْ کَبِیْرٌ عَظِیْمٌ بَاعِثٌ لِّلْمَیِّتِیْنَا

بڑائی والا، عطیہ دینے والا، بڑا عظمت والا، مُردوں کو اٹھانے والا،

فَاِنَّ الْکِبْرِیَاءَ رِدَاءُ رَبِّیْ وَمُتَّزِرٌ م بِعَظْمَتِہٖ یَقِیْنَا

سو بڑائی میرے ربّ کی چادر ہے اور اپنی عظمت کا پردہ اوڑھے ہوئے ہیں یقیناً

لَطِیْفٌ ظَاھِرٌ صُنْعًا وَّلٰکِنْ بِکُنْہِہٖ م بَاطِنٌ عَنْ نَّاظِرِیْنَا

مہربان، ظاہر ہے باعتبار نشانات کے لیے لیکن اس کی ذات پوشیدہ ہے دیکھنے والوں سے

وَحِیْدٌ وَّاحِدٌ اَحَدٌ رَّقِیْبٌ وَ سَتَّارٌ لِّذَنْبِ الْمُذْنِبِیْنَا

یکتا، اکیلا، ایک، نگہبان، پردہ پوش ہے گناہ گاروں کے گناہ کے لیے

غَفُوْرٌ غَافِرٌ صَمَدٌ جَمِیْلٌ وَغَفَّارٌ لِّمَنْ یَّسْتَغْفِرُوْنَا

بڑا بخشنے والا، مغفرت کرنے والا، بے نیاز، بہتر جمیل، بخشنے والا، مغفرت مانگنے والوں کو

قَدِیْرٌ قَادِرٌ وَّالٍ وَلِیٌّ وَمُقْتَدِرٌ بِاَخْذِ الظَّالِمِیْنَا

طاقت ور، توانا، حاکم، دوست رکھنے والا، قدرت والا، ظالموں کی گرفت پر

رَحِیۡمٌ حَاکِمٌ رَحۡمٰنٌ بَرٌّ جَلِیٌّ الشَّانِ لَایُحۡصٰی شُئُوۡنَا
بہت مہربانی کرنے والا، حکم کرنے والا، رحم کرنے والا، نیک، بڑی شان والا، اس کے افعال کا شمار ممکن نہیں
قَوِیٌّ غَالِبٌ بَاقٍ وَّشَافٍ وَجَبَّارٌ وَّجَابِرُ جَابِرِیۡنَا
قوت والا، غالب، بقا والا، اور شفا دینے والا، مجبور کرنے والا، تمام سرکشوں پر غالب
وَلَامَعۡبُوۡدَ اِلَّا اللّٰہُ حَقًّا هُوَ الۡمَوۡجُوۡدُ عِنۡدَ السَّالِکِیۡنَا
سو کوئی معبود برحق نہیں سوائے اللہ تعالیٰ کے، اصلی موجود اللہ ہی ہے، سالکوں کے نزدیک
سِوَاہُ اَحۡسَبُہٗ ظِلًّا اَوۡ حَبَابًا فَیَبۡقٰی وَجۡہُ رَبِّ الۡعَالَمِیۡنَا
اللہ تعالیٰ کے علاوہ کو سایہ یا پانی کا بلبلہ جھیے، پس اللہ رب العالمین کی ذات باقی اور ہمیشہ رہنے والی ہے
فَسُبُّوۡحٌ وَّقُدُّوۡسٌ وَّفَرۡدٌ تَفَرَّدَ بِالۡعُلٰی وَبَانَ یَّکُوۡنَا
اللہ تعالیٰ بہت پاک، مقدس اور یکتا ہے، تنہا ہے بلندی میں اور آئندہ ہمیشہ رہنے میں
سَلَامٌ مُّؤۡمِنٌ فَتَّاحُ وَادِیۡ خَزَائِنِ غَیۡبِہٖ لِلۡعَارِفِیۡنَا
سلامتی دینے والا، امن دینے والا، کھولنے والا اپنے غیب کے خزانوں کو عارفوں کے لیے
کَرِیۡمٌ وَّاهِبُ النَّعۡمٰی حَکِیۡمٌ وَدُوۡدٌ وَدَّ حِزۡبَ الۡمُؤۡمِنِیۡنَا
سخی، نعمتوں کا دینے والا، حکمت والا، بہت محبت کرنے والا، دوست رکھتا ہے تمام مؤمنوں کو
شَهِیۡدٌ مُّلۡهِمٌ وِّتۡرٌ مَّتِیۡنٌ وَقَیُّوۡمٌ حَمِیۡدُ الۡحَامِدِیۡنَا
حاضر، الہام کرنے والا، تنہا، مضبوط، بے مثل تھامنے والا، ستائش کرنے والوں کا ستائش کیا ہوا
مُمِیۡتٌ مُّبۡدِئٌ حَیٌّ وَّمُحۡیٖ مُفِیۡدٌ وَّارِثٌ لِّلۡوَارِثِیۡنَا
مارنے والا، پہلے پیدا کرنے والا، زندہ اور زندہ کرنے والا، فائدہ پہنچانے والا وارث ہے تمام وارثوں کا
بَدِیۡعُ الۡخَلۡقِ هَادِی النَّاسِ طُرًّا صِرَاطَ الدِّیۡنِ وَالۡعُقۡبٰی مُبِیۡنَا
بغیر نمونہ مخلوق کا پیدا کرنے والا، تمام لوگوں کو ہدایت دینے والا دین و آخرت کی واضح راہ کی جانب
غَنِیٌّ مَّانِعٌ مُّغۡنٍ مَلِیۡکٌ وَّضَارٌّ نَّافِعُ الۡمُسۡتَرۡشِدِیۡنَا
غنی، روکنے والا، مالدار کرنے والا، مالک اور نقصان دینے والا، نفع پہنچانے والا راہِ راست طلبگاروں کو
عَزِیۡزٌ مَّالِکُ الۡمُلۡکِ مُعِزٌّ مُذِلٌّ اِنۡ سَخِطۡنَا اَوۡ رَضِیۡنَا
عزت والا، ملک کا مالک، عزت دینے والا، ذلیل کرنے والا، چاہے ہم ناخوش ہوں یا خوش
وَذُوۡفَضۡلٍ عَظِیۡمٍ ذُوۡجَلَالٍ وَاِکۡرَامٍ مُّجِیۡرُ الۡمُخۡطِئِیۡنَا
اور بڑے فضل والا، بلندی اور اکرام والا، گناہ گاروں کو بچانے والا،

وَمَنَّانٌ وَحَنَّانٌ عَفُوٌّ وَدَيَّانٌ يَدِيْنُ الْعَامِلِيْنَا

بڑا احسان کرنے والا، مہربان، معاف کرنے والا، بڑا بدلہ دینے والا، عمل کرنے والوں کو جزا دے گا

مُهَيْمِنُنَا وَخَلَّاقٌ نَصِيْرٌ وَخَالِقُ عَالَمٍ خَلْقًا مَّتِيْنًا

ہمارا نگہبان، بڑا پیدا کرنے والا، مددگار، اور سارے عالم کو مستحکم طریقہ سے پیدا کرنے والا

مُقِيْتٌ بَاسِطٌ مُّحْصٍ مَّجِيْدٌ حَسِيْبٌ مَّاجِدٌ مَّجْدًا رَّكِيْنَا

روزی پہنچانے والا، رزق کشادہ کرنے والا، شمار کرنے والا، بڑا، حساب لینے والا، بزرگ ہے محکم بزرگی والا

هُوَ الدَّهْرُ الْمُقَلِّبُ لِلَّيَالِيْ وَلِلْاَيَّامِ دَهْرَ الدَّاهِرِيْنَا

وہ مالک زمانہ ہے، بدلنے والا راتوں کو، اور دنوں کو، ہمیشہ ہمیشہ

جَلِيْلٌ سَيِّدٌ نُوْرٌ سَرِيْعٌ رَءُوْفٌ سِيَّمَا بِالْمُتَّقِيْنَا

بڑا، مالک، نور ، سرعت والا، شفقت والا خاص کر پرہیزگاروں پر

خَبِيْرٌ وَّاجِدٌ عَالٍ عَلِيٌّ وَقَابِضُنَا فُرَادٰى اَوْ ثُبِيْنَا

خبردار، پانے والا، بلند، بلندی والا، اور ہم پر قبضہ والا خواہ ہم تنہا تنہا ہوں یا گروہ گروہ

وَمُنْتَقِمٌ وَّجَامِعُنَا صَبُوْرٌ حَيِيٌّ تَائِبٌ بِالتَّائِبِيْنَا

انتقام لینے والا، ہمیں جمع کرنے والا، صبر والا، شرم والا، توبہ قبول کرنے والا توبہ کرنے والوں کے لیے

قَدِيْمٌ قَائِمٌ صَادِقٌ فِيْ كُلِّ قَوْلٍ مُّجِيْبٌ لِلْعُفَاةِ الْمُرْمِلِيْنَا

قدیم زمانہ والا، سچا ہے ہر قول میں، مانگنے والے مسکین لوگوں کو دینے والا

وَاَوَّلُ ثُمَّ اٰخِرُ كُلِّ شَيْءٍ وَصَانِعُ خَلْقِهٖ صُنْعًا حَسِيْنَا

سب سے پہلے، اور ہر چیز سے آخر ہے، بنانے والا مخلوق کو خوب صورت طریقہ سے

شَكُوْرٌ شَاكِرٌ مَوْلٰى وَكِيْلٌ سَتِيْرٌ لَّا يُحِبُّ الْفَاضِحِيْنَا

شکرگزار ، شکرکنندہ ، مولیٰ، کارساز، پردہ پوش ہے، پسند نہیں کرتا رسوا کنندوں کو

قَرِيْبٌ كَاشِفُ الضُّرِّ طَبِيْبٌ مُّحِيْطٌ فَارِجُ الْهَمِّ قَرِيْنَا

نزدیک، غم دور کرنے والا، شفا دینے والا طبیب، احاطہ کنندہ، مشکل کشا متصل غم کے لیے

وَفَعَّالٌ وَذُوْ طَوْلٍ رَفِيْقٌ لَنَا اَعْلٰى وَخَيْرُ الْخَالِقِيْنَا

اور بسیار کرنے والا، اور قوت والا، ہمارا سب سے دوست، اور تمام بنانے والوں میں سے بہتر ہے

مُدَبِّرُنَا وَفَاطِرُنَا كَفِيلٌ وَفَالِقُ حَبَّةٍ اَضْحَتْ دَفِيْنَا

ہمارا انتظام کرنے والا، ہمارا پیدا کرنے والا، ضامن، اور اگانے والا اُس دانے کا جو دفن ہو زمین میں

وَذُوْعَرْشٍ وَفِيٌّ ذُوْانْتِقَامٍ مُغِيْثٌ طَالِبٌ حَقًّا بُلِيْنَا

اور عرش والا، اور عہد پورا کرنے والا، بدلہ لینے والا، مددگار حق طلب کرنے والوں کا جس کے ہم مکلّف ہیں

مُوَفِّقُنَا وَبَارِئُنَا حَلِيْمٌ جَوَادٌ وَّهُوَ خَيْرُ الْاَجْوَدِيْنَا

ہمیں توفیق بخشنے والا، اور پیدا کرنے والا، تحمّل والا، سخی اور تمام سخیوں سے اچھا ہے

وَكَافٍ دَافِعُ الْاَمْرَاضِ حَقٌّ وَقَاضِيْ حَاجَةِ الْمُسْتَنْجِدِيْنَا

اور کفایت کرنے والا، بیماریوں کو دفع کرنے والا، حق ہے اور حاجت روا ہے مانگنے والوں کی حاجت کا

فَلَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَيْءٌ يُّسَامِيْ تَعَالٰى عَنْ سِمَاتِ النَّاقِصِيْنَا

نہیں ہے اُس جیسی کوئی چیز جو اُس کی برابری کرے، بلند و پاک ہے ناقصوں کے نشانات سے

فَيَا رَزَّاقَنَا الْوَهَّابَ خَيْرًا وَرَازِقَنَا وَكُنْتَ بِهٖ ضَمِيْنَا

اے ہمیں رزق دینے والے، بھلائی بخشنے والے، اور ہمارے رازق، اور آپ رزق کے ضامن ہوئے ہو

مُصَوِّرُنَا وَيَا تَوَّابُ اِرْحَمْ عَلَى الشَّادِيْ وَحِزْبِ الْقَارِئِيْنَا

اے ہماری صورتیں بنانے والے، اور توبہ قبول کرنے والے رحم و کرم فرما اس نظم بنانے والے اور پڑھنے والوں کی جماعت پر

خَفِيَّ اللُّطْفِ اَدْرِكْنِيْ بِلُطْفٍ خَفِيٍّ اَنْتَ خَيْرُ الْمُدْرِكِيْنَا

اے پوشیدہ مہربانی والے مجھے پالیجیے گا خفی مہربانی سے، آپ تمام پانے والوں سے بہتر ہو

حَوٰى اَسْمَاءَكَ الْحُسْنٰى نَشِيْدِيْ كَعِقْدٍ زَانَ جِيْدَ الْحُوْرِ عِيْنَا

جمع کیا آپ کے اسماءِ حسنیٰ کو میری اس خوب صورت نظم نے جنتی ہار کے مانند، کہ زینت بخشے جنتی حور بڑی آنکھوں والی کی گردن کو

فَغَوَّرَ ثُمَّ اَنْجَدَ فِي الْاَرَاضِيْ وَشَرَّقَ ثُمَّ غَرَّبَ مُسْتَبِيْنَا

دعا ہے کہ یہ نظم زمین کے کونہ کونہ پست و بالا اور مشرق و مغرب کو واضح طور پر پہنچے

وَصَافَحَ كُلَّ اُذْنٍ قَبْلَ اِذْنٍ وَعَانَقَ كُلَّ قَلْبِ السَّامِعِيْنَا

اور مصافحہ کرے ہر کان سے بغیر اجازت کے اور معانقہ کرے تمام سننے والے دلوں سے

فَيَا اَللّٰهُمَّ وَفِّقْنَا لِخَيْرٍ وَمَا يُرْضِيْكَ اِرْضَاءً اَمِيْنَا ؁

سو اے اللہ! ہمیں نیکی کرنے کی توفیق بخشیے اور ہر اُس کام کی جو آپ کو راضی کرے آمین